# گھر میں ایک سے زیادہ مسجد بیت بنانا

**مجیب:** ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-2666

**تاریخ اجراء:** 24 رمضان المبارک 1445 ھ / 04 اپریل 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا گھر میں ایک سے زیادہ مسجد بیت بنا سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

گھر میں ایک سے زیادہ مسجد بیت بنا سکتے ہیں، شرعاً اس کی ممانعت نہیں۔ البتہ جہاں ضرورت نہ ہو جیسے گھر کے افراد کم ہوں اور سب کیلئے ایک مسجد بیت کی جگہ کافی ہو، تو وہاں بلا ضرورت گھر کی دوسری جگہوں کو مسجد بیت نہ کیا جائے، کیونکہ کسی جگہ کو مسجد بیت بنانے سے وہ جگہ قابل احترام ہو جاتی ہے، گھر کی دوسری جگہوں کی نسبت اُسے زیادہ پاک وصاف اور خوشبودار رکھنے کا اہتمام کرنا ہوتا ہے، ممکن ہے کہ ایک سے زائد جگہوں کو مسجد بیت کرنے سے کماحقہ اُن کی صفائی ستھرائی کا خیال نہ رکھا جا سکے، لہٰذا ضرورت پڑنے پر ہی ایک سے زائد جگہوں کو مسجد بیت بنایا جائے اور پھر اس کی صفائی ستھرائی کا بھی خیال رکھا جائے۔

سنن ابی داؤد میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: "أمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببناء المساجد في الدور وأن تنظف وتطيب" ترجمہ: نبی پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام نے گھروں میں مسجدیں (یعنی مساجد البیوت) بنانے، انہیں پاک صاف اور خوشبودار رکھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے۔ (سنن ابی داؤد، کتاب الصلوٰۃ، باب اتخاذ المساجد۔۔الخ، جلد 1، صفحہ 124، المکتبۃ العصریہ، بیروت)

علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں: "بتنظيفها وتطييبها عن الأقذار؛ لأن لها حرمة لأجل إقامة الصلاة فيها، ولتشبهها بالمساجد المُطلقة" ترجمہ: گندی چیزوں سے پاک صاف رکھنے کا (حکم ارشاد فرمایا)، کیونکہ اس میں نماز پڑھے جانے اور عام (وقف شدہ) مساجد کے مشابہ ہو جانے کی وجہ سے وہ جگہ قابل احترام ہو جاتی ہے۔ (شرح ابی داؤد للعینی، جلد 2، صفحہ 359، مطبوعہ ریاض)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ مرآۃ المناجیح میں ارشاد فرماتے ہیں: ”اس سے مسجد بیت مراد ہے، یعنی گھر میں کوئی حجرہ یا گوشہ نماز کے لیے رکھا جائے جہاں کوئی دنیوی کام نہ کیا جائے، اس جگہ صفائی ہو اور خوشبو کا لحاظ رکھا جائے۔“ (مرأۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 443، مطبوعہ ضیاء القرآن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net